بسم اللہ الرحمن الرحیم

مدارس اسلامیہ کے طلبہ کے لیے ایک انمول تحفہ
الفاظ، معانی، صیغہ، سہ اقسام، شش اقسام، ہفت اقسام،
باب، مادہ، واحد، جمع، اصل اور قاعدہ پر مشتمل دو پاروں (۱،۲) کا اجرا

بنام
مصباح العرفان
فی حل صیغ القرآن

از
محمد گل ریز رضا مصباحی، مدنا پوری
بریلی شریف

استاذ: جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور

ناشر
رضا ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ)
نزد گاندھی اسکول اجالا نگر، بریلی روڈ ہلدوانی ضلع نینی تال (اتراکھنڈ)

نام کتاب : **مصباح العرفان فی حل صیغ القرآن**
مصنف : محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف
نظر ثانی : حضرت علامہ مولانا شاداب صاحب مصباحی برکاتی۔
صفحات : 132
ناشر : رضا ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ)
نزد گاندھی اسکول اجالا نگر ، بریلی روڈ ہلدوانی ضلع نینی تال (اترا کھنڈ)
کمپوزنگ : محمد گل ریز مصباحی
تعداد : 1100
قیمت : 120
سال اشاعت : **2021**
رابطہ نمبر : 8057889427.**9927713786**

ملنے کے پتے

- رضا ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ)
نزد گاندھی اسکول اجالا نگر ، بریلی روڈ ہلدوانی ضلع نینی تال (اترا کھنڈ)
- قادری کتاب گھر، بریلی شریف یوپی
- حق اکیڈمی مبارک پور، اعظم گڑھ
- المجمع الاسلامی، مبارک پور، اعظم گڑھ
- برکاتی بکڈپو، اسلامیہ مارکیٹ، بریلی
- مکتبہ رحمانیہ رضویہ، درگاہِ اعلیٰ حضرت
- مکتبۃ المصطفیٰ، اسلامیہ مارکیٹ، بریلی

فہرست

پیش لفظ

قرآن مجید اللہ تعالی کی وہ مقدس کتاب ہے جو ہر مسلمان کے لیے ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ جو زندگی کے ہر مقام پر ہماری رہنمائی کرتا ہے۔اس کا پڑھنا اور اسے سمجھنا بہت اہم ہے،اس سے رہنمائی حاصل کرنے اور سمجھنے کے لیے اس کے مفردات کو حل کرنا نہایت ضروری ہے،اس کے مفردات کو حل کرنے کے لیے لغت، نحو اور صرف کی کافی ضرورت محسوس ہوتی ہے یہ کتاب مدارس اور جامعات المدینہ کے طلبہ کے ذوق وشوق کو دیکھتے ہوے تیار کی گیی ہے تاکہ ان کے لیے قرآن مجید کے الفاظ اور معانی کا سمجھنا آسان ہوجائے۔

مصباح العرفان فی حل صیغ القرآن لکھنے کا محرک یہ ہے کہ درجہ اولی میں جامعۃ المدینہ میں تدریس کا موقع ملا تو میرے حصہ میں قرآن پاک کا اجرا کرانا تھا، درجہ اولی میں پہلا اور دوسرا پارہ داخل نصاب ہے تو طلبہ کو روزانہ کی بنیاد پر دس بارہ الفاظ لکھادیئے جاتے تھے،جس کا طریقہ کار یوں تھا کہ دو چار روز ان کو الفاظ کی پوری تفصیل بتائی گئی،جب طریقہ ان کے ذہن میں آگیا تو الفاظ اور معانی بورڈ پر لکھ دیئے جاتے اور باقی سوالات طلبہ خود سے حل کرکے لاتے،جس میں الفاظ، معانی، صیغہ، سہ اقسام،شش اقسام ہفت اقسام، باب، مادہ، واحد، جمع ہوتے، اس طرح طلبہ کی علمی استعداد بھی بڑھتی گئی اور دو پاروں پر مشتمل یہ کام بھی مکمل ہوگیا۔بعد میں ارادہ ہوا کہ ان دو پاروں کو منظر عام پر لایا جاے تاکہ دوسروں کو بھی فائدہ ہو لہذا دوبارہ سے اس پر مزید غور کیا گیا اور اس میں اصل اور قاعدہ کا ٹیبل بھی شامل کردیا اب گویا اس کی ترتیب اس طور پر ہے۔الفاظ، معانی، صیغہ، سہ اقسام مع نوعیت،شش اقسام، ہفت اقسام، باب، مادہ، واحد، جمع، اصل اور قاعدہ۔

شروع میں فائدہ کے لیے ضروری باتیں مثلا سہ اقسام،شش اقسام، ہفت اقسام کا بیان، افتعال، مہموز، معتل اور مضاعف کے قواعد بھی درج کردیے گئے ہیں، نیز صیغہ حل کرنے کا طریقہ، اسم مشتق کا بیان اور دیگر فوائد بھی شامل ہیں۔قواعد کی تعیین میں اگر کسی صیغے میں دو قاعدے جاری ہیں تو صرف پہلا ہی قاعدہ درج کیا ہے۔اور کوشش کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ الفاظ شامل کیے جائیں اس لیے پہلے پارہ کے حل شدہ الفاظ کی تعداد تقریبا526 ہے اور دوسرے پارہ کے الفاظ تقریبا،452 ہیں،اور میری نسبت ایک بڑے تعلیمی ادارہ ہندوستان کی مشہور ومعروف درسگاہ ازہر ہند الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ سے ہے اسی کی نسبت سے اس کا نام "**مصباح العرفان فی حل صیغ القرآن**" تجویز کیا۔

میں بے حد ممنون ومشکور ہوں جامعۃ المدینہ فیضان عطار تاج پور میں زیر تعلیم درجہ خامسہ کے دو طالب علم محمد عبد السلام عطاری آسام، محمد سعید عطاری راجستھان، کا جنھوں نے اس کتاب کی تکمیل میں کافی تعاون کیا اللہ تعالی ان دونوں کو زبردست عالم دین بنائے اور تمام نیک جائز مقاصد پورے فرمائے۔

بڑی ناسپاسی ہوگی اگر اس موقع پر جامعۃ المدینہ فیضان عطار، ناگ پور کے لائق وفائق ماہر علم وفن استاذ حضرت علامہ مولانا شاداب مصباحی برکاتی کا تذکرہ نہ کروں جنھوں نے پوری کتاب کا بالاستعاب مطالعہ فرماکر بہت سارے مقامات پر اصلاح فرمائی۔ کتاب کو طباعت کے مراحل تک پہچانے میں ان کی زبردست محنت شامل ہے، ہماری جماعت کے بہت مخلص انسان ہیں، اللہ تعالی ان کے درجات میں مزید ترقی عطا فرمائے اور ہر طرح کی آفت سے محفوظ ومامون رکھے۔

اور مشکور وممنون ہوں **ام باسط عطاریہ** کشمیر کا جنھوں نے اپنے والدین غلام قادر اور والدہ ستارہ بیگم کی صحت وتندرستی اور طویل عمر کی خاطر کتاب کی اشاعت کے لیے تعاون فرمایا، اللہ تعالی ان کو عمر خضر بالخیر عطا فرمائے، نبی کریم ﷺ کے روضہ مبارک کی باادب حاضری نصیب فرمائے۔ درجات بلند فرمائے اور قیامت کے دن حضور ﷺ کا پیارا پڑوس نصیب کرے۔

مصباح العرفان فی حل صیغ القرآن میں حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ اغلاط سے محفوظ پیش کیا جائے، لیکن پھر بھی غلطی کا امکان ہے اگر کسی قسم کی خامی پائیں تو کتاب کو ہدف تنقید نہ بنائیں بلکہ خلوص نیت کے ساتھ اطلاع فرمائیں ان شاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کر دی جائے گی۔

صلی اللہ تعالی علی محمد۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری
بریلی شریف یوپی۔
خادم التدریس: جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور، مہاراشٹر۔
+918057889427

سہ اقسام کا بیان

اس سے مراد کلمہ کی وہ تین قسمیں ہیں جو اپنے معنی پر مستقلا دلالت کرنے یا نہ کرنے کے اعتبار سے بنتی ہیں یعنی: اسم، فعل اور حرف۔

(۱)......اسم

وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت کرے اور اس کا معنی کسی زمانے (ماضی، حال یا مستقبل) سے ملا ہوا نہ ہو ۔جیسے: زَ یْدٌ ، ضَارِبٌ ، مَنْصُوْرٌ وغیرہ۔

(۲).....فعل۔

وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت کرے اور اس کا معنی کسی زمانے (ماضی، حال یا مستقبل) سے ملا ہوا ہو : جیسے: نَصَرَ (مدد کی ایک مرد نے)۔

(۳)......حرف:

وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ (اسم فعل) سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت نہ کرے جیسے: مِنْ (سے) إِلیٰ (تک)۔

پھر مشتق ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے اسم کی تین اقسام ہیں۔

(۱)۔مصدر (۲)۔ مشتق ۔(۳)۔جامد۔

(۱).....مصدر۔

وہ اسم جس سے دوسرے کلمات مشتق (بنتے) ہوں اور وہ خود کسی سے مشتق نہ ہو ۔اس کے اردو ترجمہ میں ''نا''آتا ہے۔ جیسے: نَصْرٌ (مدد کرنا)۔

(۲)۔.....مشتق

وہ اسم جو مصدر سے بنایا جائے۔ جیسے: نَاصِرٌ (مدد کرنے والا) یہ ''یَنْصُرُ '' سے بنایا گیا ہے اور ''یَنْصُرُ نَاصِرٌ '' سے۔

(۳)۔....جامد۔

وہ اسم ہے جو نہ خود کسی سے بنا ہو اور نہ اسے دیگر کلمات بنتے ہوں۔ جیسے: زَ یْدٌ ، بَکْرٌ وغیرہ۔

شش اقسام کا بیان

حروف اصلیہ اور زائدہ کے اعتبار سے کلمہ کی چھ اقسام ہیں:
(۱) ثلاثی مجرد (۲) ثلاثی مزید فیہ۔ (۳) رباعی مجرد (۴) رباعی مزید فیہ (۵) خماسی مجرد (۶) خماسی مزید فیہ۔
انھیں چھ اقسام کو شش اقسام کہتے ہیں۔

تنبیہ: اگر کلمہ میں حروف اصلیہ تین ہوں اور کوئی زائد حرف نہ ہو تو اس کلمہ کو ثلاثی مجرد کہتے ہیں۔ جیسے نَصَرَ (مدد کی اس ایک مرد نے)

اگر کلمہ میں حروف اصلیہ تین ہوں اور کوئی زائد حرف بھی ہو تو اسے ثلاثی مزید فیہ کہتے ہیں جیسے: اَكْرَمَ . (تعظیم کی اس ایک مرد نے)

اگر کلمہ میں حروف اصلیہ چار ہوں اور کوئی زائد حرف نہ ہو تو اسے رباعی مجرد کہتے ہیں جیسے زَلْزَلَ ۔ (ہلانا)

اگر کلمہ میں حروف اصلیہ چار ہوں اور کوئی زائد حرف بھی ہو تو اسے رباعی مزید فیہ کہتے ہیں جیسے: تَزَنْدَقَ ۔ (زندیق ہونا)

اگر کلمہ میں حروف اصلیہ پانچ ہوں اور کوئی زائد حرف نہ ہو تو اسے خماسی مجرد کہتے ہیں جیسے جَحْمَرِشٌ . (بوڑھی عورت)

اگر کلمہ میں حروف اصلیہ پانچ ہوں اور کوئی زائد حرف بھی ہو تو اسے خماسی مزید فیہ کہتے ہیں جیسے خَنْدَرِیْشٌ . (پرانی شراب)

فائدہ: خماسی مجرد و مزید فیہ صرف اسماء ہوتے ہیں، افعال خماسی نہیں ہوتے۔

ہفت اقسام کا بیان

حروف صحیحہ اور **حروف علت** کے اعتبار سے کلمہ کی سات قسمیں شمار کی جاتی ہیں جنہیں " **ہفت اقسام**" کہتے ہیں وہ یہ ہیں:
(۱) صحیح (۲) مہموز (۳) مضاعف (۴) مثال (۵) اجوف (۶) ناقص (۷) لفیف۔

فائدہ: الف، واؤ اور یا کو "حروف علت" اور ان کے علاوہ باقی تمام حروف تہجی کو "حروف صحیحہ" کہتے ہیں

صحیح: وہ کلمہ جس کا کوئی حرف اصلی نہ حرفِ علت ہو نہ ہمزہ ہو اور نہ اس میں ایک جنس کے دو حروف ہوں۔ جیسے نَصْرٌ (مدد کرنا) كِتَابٌ (کتاب)

مہموز: وہ کلمہ جس کا کوئی حرفِ اصلی ہمزہ ہو۔

تنبیہ: اگر ہمزہ فا کلمہ میں ہو تو اُسے "مہموز الفاء"، عین کلمہ میں ہو تو **"مہموز العین"** اور لام کلمہ میں ہو تو اُسے **"مہموز اللام"** کہتے ہیں۔ جیسے: أَكْلٌ (کھانا) رَأْسٌ (سر) قَرَأَ (اس نے پڑھا)

مضاعف: وہ کلمہ جس میں دو حروفِ اصلیہ ایک جنس کے ہوں۔ جیسے: مَدٌّ (کھینچنا)۔ (یہ اصل میں مَدْدٌ تھا۔)

تنبیہ: وہ کلمہ اگر ثلاثی ہو تو اُسے "مضاعف ثلاثی" اور اگر رباعی ہو تو اُسے "مضاعف رباعی" کہتے ہیں۔ فَرٌّ (بھاگنا) غَرْغَرَةٌ (غرغرہ کرنا)۔

مثال: وہ کلمہ جس کا فا کلمہ حرفِ علت ہو۔اِسے "مُعْتَلُّ الْفَاء "بھی کہتے ہیں۔

تنبیہ: اگر فاء کلمہ میں واقع ہونے والا حرفِ علت "واؤ"ہو تو اس کلمہ کو "مثال واوی "اوراگر "یاء"ہو تو اُسے "مثال یائی "کہتے ہیں۔جیسے وَعْظٌ (نصیحت کرنا) یَتِمٌ (یتیم ہونا)۔

اجوف: وہ کلمہ جس کا عین کلمہ حرف علت ہو۔اِسے "مُعَتَلُّ الْعَيْن "بھی کہتے ہیں۔ **تنبیہ:** اگر عین کلمہ میں واقع ہونے والا حرف علت "واؤ" ہو تو اس کلمہ کو "اجوف واوی" اوراگر "یاء"ہو تو اُسے "اجوف یائی "کہتے ہیں۔جیسے: صَوْمٌ(روزہ رکھنا) غَيْبٌ(غائب ہونا)۔

ناقص: وہ کلمہ جس کا لام کلمہ حرف علت ہو۔اِسے "مُعَتَلُّ اللَّام "بھی کہتے ہیں۔

تنبیہ: اگر لام کلمہ میں واقع ہونے والا حرف علت "واؤ" ہو تو اس کلمہ کو "ناقص واوی" اور اگر "یاء"ہو تو اسے "ناقص یائی" کہتے ہیں جیسے عَفْوٌ(معاف کرنا) مَشْيٌ (چلنا)۔

لفیف: وہ کلمہ جس کے حروف اصلیہ میں دو حروف علت ہوں۔جیسے طَيٌّ (لپیٹنا) وَلْيٌ (قریب ہونا)۔

تنبیہ: اگر کلمہ میں دونوں حروف علت ملے ہوئے ہوں تو اس کلمہ کو "لفیف مقرون "کہتے ہیں: جیسے: طَيٌّ. قَوِيَ . اور اگر ملے ہوئے نہ ہوں بلکہ درمیان میں کوئی حرف صحیح ہو تو اسے "لفیف مفروق "کہتے ہیں۔جیسے وَلْيٌ: وَحْيٌ۔

صیغہ حل کرنے کا طریقہ

علم الصرف پڑھنے کا بنیادی مقصد صیغوں کو حل کرنا ہوتا ہے، صیغہ حل کرنے کے لیے درج ذیل امور کو مدنظر رکھا جاتا ہے:

سب سے پہلے یہ دیکھا جاتا ہے کہ وہ کلمہ سہ اقسام کے اعتبار سے اسم ہے، فعل ہے یا حرف؟

اگر اسم ہو تو دیکھیں کہ وہ

جامد ہے، مصدر ہے یا مشتق ہے، اور کیوں؟

(ا)۔اگر جامد ہو تو پھر شش اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ

ثلاثی مجرد ہے، ثلاثی مزید فیہ ہے، رباعی مجرد ہے، رباعی مزید فیہ، خماسی مجرد ہے یا خماسی مزید فیہ ہے اور کیوں؟

پھر ان میں سے ہر قسم کے اعتبار سے اس کا وزن دیکھا جائے۔

اس کے بعد ہفت اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ

صحیح ہے، مہموز ہے، مثال ہے، اجوف ہے، ناقص ہے، لفیف ہے یا مضاعف ہے؟

اور اس کی وجہ کیا ہے؟

وہ اصل میں کیا تھا اور پھر اس میں تعلیل کیسے ہوئی ؟

(ب) اگر وہ مصدر ہو تو دیکھیں کہ وہ مصدر کی کون سی قسم ہے ؟

پھر شش اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ

ثلاثی مجرد ہے، ثلاثی مزید فیہ ہے، رباعی مجرد ہے یا رباعی مزید فیہ ہے اور وہ کس باب کا مصدر ہے ؟

اس کے بعد ہفت اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ

صحیح ہے، مہموز ہے، مثال ہے، اجوف ہے، ناقص ہے، لفیف ہے یا مضاعف ہے ؟

اور اس کی وجہ کیا ہے ؟

وہ اصل میں کیا تھا اور پھر اس میں کیسے تعلیل ہوئی ؟

(ج) اگر وہ مشتق ہو تو دیکھیں کہ وہ مشتق کی کون سی قسم ہے اور اس کی وجہ کیا ہے اور وہ کونسا صیغہ ہے ؟ نیز اس میں بھی شش اور ہفت اقسام پہچانیں۔

اگر وہ کلمہ فعل ہو تو دیکھیں کہ وہ

(ا) فعل ماضی ہے، مضارع ہے یا امر ؟

اگر فعل ماضی ہو تو دیکھیں کہ وہ ماضی کی کون سی قسم ہے اور کیوں ؟

اسی طرح دیکھیں کہ وہ فعل معروف ہے یا مجہول ہے ؟

فعل لازم ہے یا متعدّی ؟

فعل مثبت ہے یا منفی ہے ؟

(ب) اور وہ کون سا صیغہ ہے ؟

واحد ہے، تثنیہ ہے یا جمع مذکر ہے یا مؤنث، غائب ہے، حاضر ہے یا متکلّم پھر ان میں سے ہر ایک کی دلیل کیا ہے ؟

پھر شش اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ

ثلاثی مجرد ہے، ثلاثی مزید فیہ ہے، رباعی مجرد ہے یا رباعی مزید فیہ اور اس کا باب کون سا ہے ؟

اس کے بعد ہفت اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ صحیح ہے، مہموز ہے، مثال ہے، اجوف ہے، ناقص ہے، لفیف ہے یا مضاعف ہے ؟

اور اس کی وجہ کیا ہے ؟

وہ اصل میں کیا تھا اور اس میں تعلیل کیسے ہوئی ؟

اگر وہ کلمہ حرف ہو تو صرف میں اس کے بارے میں کوئی بحث نہیں ہوگی، ہاں اتنا ضرور ہے کہ اسم اور فعل میں شش اقسام کی پہچان کے لیے کلمہ کے اندر جو حروف ہوتے ہیں ان کے اصلی اور زائد ہونے کا اعتبار کیا جاتا ہے، یعنی یہ دیکھا جاتا ہے کہ یہ حرف اس اسم اور فعل میں اصلی ہے یا زائد ہے ؟

نوٹ: عام طور پر صیغہ کے حل میں درج ذیل چیزیں مطلوب ہوتی ہیں:

سہ اقسام، صیغہ، شش اقسام، ہفت اقسام، باب، مادہ، اصل، قاعدہ اور تعلیل، اس کتاب میں ان چیزوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔

افتعال کے قواعد

قاعدہ:(۱)۔ اگر بابِ افتعال کا فا کلمہ دال، ذال یا زا ہو، تو تاے افتعال کو دال سے بدل کر فا کلمہ کا ادغام کرتے ہیں اور یہ ادغام واجب ہے جیسے اِدَّعیٰ (اصل میں اِدْتَعیٰ تھا)۔

ذال کی تین حالتیں ہیں: کبھی دال سے بدل کر اس میں مدغم ہو جاتی ہے جیسے اِدَّکَرَ اصل میں اِذْتَکَرَ تھا جو اِذْدَکَرَ بنا۔

کبھی دال کو ذال سے بدل کر فا کلمہ کو مدغم کرتے ہیں جیسے اِذّکَرَ

اور کبھی ادغام کے بغیر چھوڑ دیتے ہیں جیسے اِذْدَکَرَ

زا کی دو حالتیں ہیں: کبھی ادغام کے بغیر چھوڑ دیتے ہیں جیسے اِزدَجَرَ اصل میں اِزْتَجَرَ تھا

اور کبھی دال کو زا کر کے فا کلمہ کو اس میں ادغام کرتے ہیں جیسے اِزَّجَرَ

قاعدہ:(۲)۔ اگر بابِ افتعال کا فا کلمہ ص، ض، طا، ظا ہو تو تاے افتعال کو طا سے بدل کر ادغام کرتے ہیں جیسے اِطَّلَبَ .

ظا کو کبھی طا سے بدل کر ادغام کرتے ہیں جیسے اِطَّلَمَ

اور کبھی ادغام کے بغیر چھوڑ دیتے ہیں جیسے اِظْطَلَمَ

اور کبھی طا کو ظا کر کے ادغام کرتے ہیں جیسے: اِظَّلَمَ

صاد اور ضاد کو کبھی بغیر ادغام کے چھوڑ دیتے ہیں جیسے اِصطَبَرَ اور اِضْطَرَبَ اور کبھی طا کو صاد یا ضاد کرکے ادغام کرتے ہیں جیسے اِصَّبَرَ اور اِضَّرَبَ۔

قاعدہ:(۳)۔اگر بابِ افتعال کا فا کلمہ ثا ہو تو جائز ہے کہ تا کو ثا سے بدل کر ادغام کردیں جیسے اِثَّارَ اصل میں اِثْتَارَ تھا۔

قاعدہ:(۴)۔اگر بابِ افتعال کا عین کلمہ تا، ثا، جیم، را، دال، ذال، سین، شین، صاد، ضاد، طا اور ظا میں سے کوئی حرف ہو تو تاے افتعال کو عین کلمہ کا ہم جنس بناکر اس کی حرکت ماقبل کو دیتے ہیں اور ادغام کرتے ہیں اور ہمزۂ وصل گر جاتا ہے جیسے اِخْتَصَمَ سے خَصَّمَ اور اِهْتَدَي سے هَدَّىٰ اور ان کا مضارع یَخَصِّمُ اور یَهَدِّي آتا ہے۔

نوٹ: فا کلمہ کو کسرہ دینا بھی جائز ہے جیسے خِصَّمَ یَخِصِّمُ هِدَّى يَهِدِّي ،يَخِصِّمُوْنَ اور يَهِدِّى جو قرآن پاک میں آیا ہے وہ اسی باب سے ہے۔

اسم فاعل میں فا کلمہ کو ضمہ دینا بھی جائز ہے یعنی مُخَصِّمٌ مُخِصِّمٌ مُخُصِّمٌ تینوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

مھموز کے قواعد

قاعدہ:(۱)۔ ہمزہ منفردہ ساکنہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف سے بدلنا جائز ہے جیسے رَاسٌ ،ذِيبٌ ،بُوْسٌ اصل میں رَأْسٌ ،ذِئْبٌ بُؤْسٌ تھے۔

قاعدہ:(۲)۔ ہمزۂ متحرکہ کے بعد ہمزۂ ساکنہ ہو تو اسے ماقبل حرف کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا واجب ہے ۔جیسے: آمَنَ ،اُوْمِنَ ،اِیْمَانًا اصل میں ءَأْمَنَ أُءْمِنَ ،اِءْمَانًا تھے۔

قاعدہ:(۳)۔ ہمزۂ منفردہ مفتوحہ کو ضمہ کے بعد واؤ سے اور کسرہ کے بعد یا سے بدلنا جائز ہے جیسے جُوَنٌ اور مِيَرٌ اصل میں یہ جُؤَنٌ ،مِئَرٌ تھے۔

قاعدہ:(۴)۔اگر دو متحرک ہمزے اکٹھے ہوجائیں اور ان سے ایک مکسور ہو، تو دوسرے ہمزہ کو یا سے بدلنا واجب ہے۔جیسے : جاءٍ اور اگر ہمزہ مکسور نہ ہو تو واؤ سے بدلیں گے۔جیسے: اَوَادِمُ اصل میں اَءَادِمُ اور اُوَمِّلُ اصل میں اُءَمِّلُ تھے۔

جاءٍ اصل میں جَایِئٌ تھا، یا الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا دو ہمزہ جمع ہوئے۔پہلا ہمزہ مکسور ہے لہذا دوسرے کو یا سے بدلا جاءِيٌ ہوگیا، یا پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرادیا اب یا اور نون تنوین دو ساکن جمع ہوے یا کو گرادیا جاءٍ ہوگیا۔

قاعدہ:(۵)۔ جو ہمزہ واوَ مدّہ زائدہ، یایاے مدّہ زائدہ کے بعد، یایاے تصغیر کے بعد واقع ہو اسے اس کے ماقبل کی جنس سے بدل کرادغام کرنا واجب ہے۔ جیسے: مَقْرُوَّةٌ ، خَطِيَّةٌ اور اُفَيِّسٌ اصل میں مَقْرُوْءَةٌ خَطِيْئَةٌ اور اُفَيْئِسٌ تھا۔

قاعدہ:(٦)۔ جب مفاعل کے الف (یعنی الف جمع) کے بعد یا سے پہلے ہمزہ واقع ہو تو اسے یا ے مفتوحہ سے بدلتے ہیں : جیسے: خَطَايَا (خَطِيْئَةٌ کی جمع) اصل میں خَطَايِئُ تھا یا الف جمع کے بعد اور ہمزہ سے پہلے واقع ہوئی لہذا اسے ہمزہ سے بدلا تو خَطَاءِئٌ ہو گیا پھر جَاءٍ کے قاعدہ (قاعدہ۴) کے مطابق دوسرے ہمزہ کو یا سے بدلا خَطَاءِيُ ہوا اس قاعدہ (قاعدہ٦) کے مطابق ہمزہ کو یاے مفتوحہ سے یا ثانی کو الف سے بدلا تو خَطَايَا ہو گیا۔

قاعدہ:(۷)۔ جو ہمزہ حرف ساکن غیر مدہ اور یاے تصغیر کے علاوہ کے بعد واقع ہو تو اس کی حرکت ماقبل کی طرف نقل کرتے ہوے اس ہمزہ کو حذف کرنا جائز ہے۔ جیسے يَسَلُ قَدَفْلَحَ ، يَرْمِيَخَاهُ اصل میں يَسْئَلُ، قَدْ اَفْلَحَ اور يَرْمِيْ اَخَاهُ تھا۔

نوٹ: يَرَي ،يُرِي رویت کے تمام افعال میں یہ قاعدہ بطور وجوب استعمال ہوتا ہے (لیکن ان کے اسماے مشتقہ میں اس کا استعمال محض جائز ہے واجب نہیں) لہذا مَرْءَيٌ ا(سم ظرف و مصدر) مِرْءَةٌ (اسم آلہ) مَرْءِيٌّ (اسم مفعول) میں ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ کو حذف کرنا جائز ہے واجب نہیں۔

قاعدہ:(۸)۔ اگر متحرک حرف کے بعد ہمزۂ متحرکہ ہو تو اس میں بین بین قریب اور بین بین بعید دونوں جائز ہیں۔

نوٹ: ہمزہ کو اس کے اپنے مخرج اور اس کی حرکت کے موافق حرفِ علت کے مخرج کے درمیان پڑھنا بین بین قریب ہے۔

ہمزہ کو اس کے اپنے مخرج اور ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کے مخرج کے درمیان پڑھنا بین بین بعید ہے۔

تنبیہ: بین بین کو تسہیل بھی کہتے ہیں ۔

سَأَلَ میں دونوں بین بین ہیں ہمزہ کے مخرج اور الف کے مخرج کے درمیان پڑھنا ہے، کیوں کہ ہمزہ بھی مفتوح ہے اور اس کا ماقبل بھی مفتوح۔

سَئِمَ میں ہمزہ کے مخرج اور یا کے مخرج کے درمیان پڑھنا بین بین قریب کہتے ہیں جبکہ ہمزہ کے مخرج اور الف کے مخرج کے درمیان پڑھنا بین بین بعید ہے لَؤُمَ میں ہمزہ کے مخرج اور واؤ کے مخرج کے درمیان پڑھنا بین بین قریب ہے، جبکہ ہمزہ کے مخرج اور الف کے مخرج کے درمیان پڑھنا بین بین بعید ہے۔

الف کے بعد ہمزہ واقع ہو تو اس میں بین بین قریب جائز ہے۔

قاعدہ:(۹)۔اگر ہمزہ پر ہمزۂ استفہام داخل کریں جیسے ءَأَنْتُمْ تو وہاں دوسرے ہمزہ کو ایسے حرف سے بدلنا جائز ہے جس کا تقاضا قاعدۂ تخفیف کرتا ہو جیسے ءَأَنْتُمْ کو اَوَ نْتُمْ پڑھنا۔ نیز اسے بطور تسہیل یعنی قریب یا بعید کے طور پر پڑھنا جائز ہے۔

علاوہ ازیں دونوں ہمزہ کے درمیان الف متوسط لانا بھی جائز ہے جیسے : آءَنْتُمْ .

معتل کے قواعد

قاعدہ:(۱)۔جو واؤ علامتِ مضارع مفتوحہ اور کسرہ کے درمیان یا کلمہ میں ایسے کلمہ کے علامت مضارع مفتوحہ اور فتحہ کے درمیان واقع ہو جس کا عین یا لام کلمہ حرف حلقی ہو تو وہ واؤ گر جاتی ہے ۔جیسے :یَعِدُ (یُوْعِدُ تھا) یَهَبُ(یَوْهَبُ تھا عین کلمہ حرف حلقی ہے)یَسَع (یَوْسَعُ تھا لام کلمہ حرف حلقی ہے)۔

قاعدہ:(۲)۔وہ مصدر جو فِعْلٌ کے وزن پر آتا ہے اس کے فاء کلمہ کی جگہ واقع ہونے والی واؤ گر جاتی ہے اور عین کلمہ کو کسرہ دیتے ہیں، البتہ مفتوح العین میں بعض اوقات اسے فتحہ بھی دیتے ہیں نیز اس واؤ کے عوض آخر میں تاء کا اضافہ کرتے ہیں جیسے : عِدَۃٌ،زِنَۃٌ اور سَعَۃٌ اصل میں وَعْدٌ ،وِزْنٌ اور وِسْعٌ تھے۔

قاعدہ:(۳)۔واؤ ساکن غیر مدغم،کسرہ کے بعد یا ہو جاتی ہے جیسے :مِیْعَادٌ اصل میں مِوْعَادٌ تھا۔

نوٹ: اِجْلِوَّاذٌ میں واؤ کو یاء سے نہیں بدلتے کیوں کہ وہ مدغم ہے ،یعنی پہلی واؤ ساکن کا دوسری واؤ میں ادغام کیا گیا ہے۔

یائے ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد ہو تو واؤ سے بدل جاتی ہے ۔جیسے :مُوْسِرٌ جو اصل میں مُیْسِرٌ تھا،مُیِّزٌ کی یا کو اس لیے نہیں بدلا کہ وہ مدغم ہے۔

ضمہ کے بعد الف واقع ہوا تو وہ واؤ سے بدل جاتا ہے جیسے:قُوْتِلَ ماضی مجہول کو قَاتَلَ ماضِی معروف سے بنایا۔پہلے حرف کو ضمہ دیا اس کے بعد چوں کہ الف تھا تو اسے واؤ سے بدل دیا اور آخر کے ماقبل کو کسرہ دیا۔

کسرہ کے بعد الف یا سے بدل جاتا ہے مَحَارِیْبُ (مِحرَابٌ)کی جمع ہے پہلے اور دوسرے حرف کو فتحہ دیا اس کے بعد الف علامت جمع منتہی الجموع لائے اس کے بعد والے حرف کو کسرہ دیا اور پھر کسرہ کی مناسبت سے الف کو یا سے بدل دیا مَحَارِیْبُ ہو گیا

۔

قاعدہ:(۴)۔واؤ یا یا اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ کی جگہ واقع ہو تو تا سے بدل کر تا میں ادغام کرتے ہیں۔جیسے: اِتَّقَدَ اور اِتَّسَرَ جو اصل میں اِوْتَقَدَ اور اِیْتَسَرَ تھے اِیْتَمَرَ میں یا اصلی نہیں ہے لہذا ادغام نہیں ہوا۔

قاعدہ:(۵)۔کلمہ کے شروع میں واؤ مضموم اور مکسور اور کلمہ کے درمیان میں واؤ مضموم واقع ہو تو اسے ہمزہ سے بدلنا جائز ہے جیسے اُجُوہٌ ،اِشَاحٌ ، اُقِّتَتْ اور اَدْءُرٌ اصل میں وُجُوْہٌ ،وِشَاحٌ ،وُقِّتَتْ اور اَدْوُرٌ تھے۔

سوال: وَحدٌ اور وَنَاۃٌ میں واؤ مفتوح ہے لیکن اس کے باوجود آپ واؤ کو ہمزہ سے بدل کر اَحدٌ اور اَنَاۃٌ پڑھتے ہیں؟

جواب: یہاں واؤ کو ہمزہ سے بدلنا شاذ ہے۔

قاعدہ:(۶)۔جب کلمہ کے شروع میں دو واؤ جمع ہوجائیں تو پہلی واؤ کو ہمزہ سے بدلنا واجب ہے۔جیسے: اَوَاصِلُ اور اُوَیْصِلُ۔جو اصل میں وَوَاصِلُ (وَاصِلَۃٌ کی جمع ہے)اور وُوَیصِلٌ (وَاصِلٌ کی تصغیر ہے)۔

قاعدہ:(۷)۔فتحہ کے بعد واؤ اور یا متحرک الف سے بدل جاتے ہیں لیکن اس کے چند شرائط ہیں:

(۱)۔وہ واؤ اور یا فاء کلمہ نہ ہو لہذا وَعَدَ، تَوَفّٰی اور تَیَسَّرَ میں واؤ اور یا الف سے نہیں بدلے جائیں گے۔

(۲)۔لفیف کا عین کلمہ نہ ہو لہذا طَوٰي اور حَيِیَ میں واؤ اور یاء الف سے نہیں بدلیں گے۔

(۳)۔تثنیہ کے الف سے پہلے نہ ہوں۔لہذا دَعَوَا اور رَمَیَا میں واؤ اور یا الف سے نہیں بدلیں گے۔

(۴)۔مدّہ زائدہ سے پہلے نہ ہوں لہذا طَوِیْلٌ ،غَیُوْرٌ اور غَیَابَۃٌ میں واؤ اور یا کو الف سے نہیں بدلیں گے۔

نوٹ: فَعَلُوا ،یَفْعَلُوْا ،یَفْعَلُوْنَ کا واؤ اور تَفْعَلُونَ اور تَفْعَلِیْنَ کی یا جو فعل کا فاعل ہونے کی وجہ سے الگ کلمہ ہیں مدّہ زائدہ نہیں ہیں، اس لیے ان سے پہلے واؤ اور یا الف سے بدل جاتے ہیں اور اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر جاتے ہیں: جیسے دَعَوا ،یَخْشَوْنَ ،تَخْشَوْنَ اور تَخْشِیْنَ۔

(۵)۔یاے مشددہ اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔اس لیے عَلَوِيٌّ اور اِخْشَیِنَّ میں واؤ اور یا کو الف سے نہیں بدلیں گے

(۶)۔وہ کلمہ رنگ اور عیب کی معنی میں نہ ہو،اس لیے عَوِرَ اور صَیِدَ میں واؤ اور یا الف سے نہیں بدلیں گے۔

(۷)۔وہ کلمہ فَعَلٰی کے وزن پر نہ ہو جیسے: صَوَرٰي ،حَیَدٰي۔فَعَلَۃٌ کے وزن پر نہ ہو جیسے: حَوَکَۃٌ۔اِفْتِعَالٌ بمعنی تَفَاعُلٌ نہ ہو جیسے: اِجْتَوَرَ اور اِعْتَوَرَ جو تَجَاوَرَ اور تَعَاوَرَ کے معنی میں ہیں۔

تعلیل کی مثالیں: قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا۔

بَاعَ: اصل میں بَیَعَ تھا۔ دَعَا اصل میں دَعَوَ تھا۔ رَمیٰ اصل میں رَمَیَ تھا۔ بَابٌ اصل میں بَوَبٌ تھا نَابٌ اصل میں نَیَبٌ تھا۔

نوٹ: اس قسم کے الف کے بعد کوئی حرف ساکن یا فعل ماضی کی تاے تانیث واقع ہو اگرچہ وہ متحرک ہو تو وہ الف سے بدل کر گر جاتا ہے۔ جیسے: دَعَتْ اصل میں دَعَوَتْ تھا (تاے تانیث کی مثال ہے) واؤ کو الف سے بدل کر الف کو گرا دیا۔ دَعَتَا اصل میں دَعَوَتَا تھا۔ واؤ کو الف سے بدل کر گرا دیا گیا (یہ بھی تاے تانیث کی مثال ہے۔)

دَعَوْا اصل میں دَعَوُوْا تھا واؤ کو الف سے بدل دیا اس کے بعد حرف ساکن ہے، لہذا الف کو گرا دیا۔

تَرْضَیْنَ اصل میں تَرْضَیِیْنَ تھا یا کو الف سے بدلا، دوسری یا بھی ساکن ہے لہذا الف کو گرا دیا۔

تنبیہ: اس صورت میں ماضی معروف کے صیغہ جمع مؤنث غائب اور کے بعد تمام صیغوں میں الف کو حذف کرنے کے بعد معتل واوی مفتوح العین اور مضموم العین میں فا کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں۔ جیسے قُلْنَ اور طُلْنَ۔ جبکہ معتل یائی واوی مکسور العین میں فا کلمہ کو کسرہ دیتے ہیں۔ جیسے: بِعْنَ اور خِفْنَ۔

قاعدہ: (۸)۔ اگر واؤ یا یا کا ماقبل ساکن ہو تو ان کی حرکت ماقبل کو دیتے ہیں اور اگر یہ حرکت فتحہ ہو تو واؤ اور یا کو الف سے بدل دیتے ہیں، بشرطیکہ مذکورہ بالا تمام شرائط پائی جائیں۔ جیسے: یَقُوْلُ، یَبِیْعُ، یُقَالُ، یُبَاعُ اصل میں یَقْوُلُ، یَبْیِعُ، یُقْوَلُ اور یُبْیَعُ تھا۔

اور اگر ان حروف کے بعد حرف ساکن ہو تو ضمہ اور کسرہ کی صورت میں یہ حروف گر جاتے ہیں اور فتحہ کی صورت میں الف سے بدل کر گر جاتے ہیں۔

نوٹ: مَنْ وَعَدَ میں پہلی شرط کے تحت یَطْوِي اور یَحْیٰی میں دوسری شرط، مِقْوَالٌ اور تِحْوَالٌ، تِبیَانٌ اور تَمْیِیْزٌ میں چوتھی شرط کی وجہ سے واؤ یا یا کی حرکت ماقبل کو نہیں دیتے۔ لیکن مَقُوْلٌ کی واؤ چوتھی شرط سے مستثنیٰ ہے اس لیے مَقُوْلٌ اور مَبِیْعٌ (مَقْوُوْلٌ اور مَبْیُوْعٌ تھے) کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ اور یا کو اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرا دیا گیا۔

کلمہ کا اسم تفضیل، فعل تعجب، ملحقات میں سے ہونا بھی نقل حرکت سے مانع ہے اس لیے اَقْوَلُ. مَا اَقْوَلَهٗ اَقْوِلْ بِه شَرْیَفَ اور جَهْوَرَ میں واؤ اور یا کی حرکت نقل نہیں کرتے۔

قاعدہ:(۹)۔ماضی مجہول کے عین کلمے کے واؤ یا یا کی حرکت ماقبل کو ساکن کر کے دیتے ہیں اور واؤ یا سے بدل جاتی ہے جیسے: قِيْلَ،بِيْعَ اُخْتِيْرَاورانْقِيْدَ ،اصل میں قُوِلَ بُيِعَ اُخْتُوِرَ اور اُنْقُوِدَ تھا۔

یہاں یہ بات بھی جائز ہے کہ ماقلب کی حرکت کو باقی رکھیں اور واؤ اور یا کو ساکن کر دیں۔اسی طرح یا واؤ سے بدل جاتی ہے مثلًا :قُوْلَ ،بُوْعَ ،اُخْتُوْرَ ،اُنْقُوْدَ .

نیز ابدال کی صورت میں فاء کلمہ کے کسرہ کو ضمہ کی بُو، دے کر پڑھنا(اشمام کرنا) بھی جائز ہے قِيْلَ اور بِيْعَ میں قاف اور یا کے کسرہ کو ضمہ کی بو دے کر ادا کیا جائے۔

نوٹ: (۱)۔ اس قاعدہ میں شرط یہ ہے کہ معروف میں تعلیل ہو چکی ہو اس لیے اُعْتُوِرَ میں تعلیل نہیں کریں گے (کیوں کہ اس کے معروف میں تعلیل نہیں ہوئی)

(۲)۔جمع مؤنث سے آخر تک صیغوں میں جہاں یہ یا اجتماع ساکنین کے سبب گر جائے وہاں واوی مفتوح العین میں فا کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں جبکہ یائی اور مکسور العین میں کسرہ دیا جاتا ہے اس طرح معروف اور مجہول کے صیغوں کی صورت ایک جیسی ہو جاتی ہے۔جیسے:قُلْتُ ،بِعْتُ ،اور خِفْتُ۔

فائدہ: باب استفعال کے مجہول میں اس قاعدہ کے تحت حرکت کو ماقبل کی طرف نقل نہیں کرتے، بلکہ وہاں قاعدہ (۸)استعمال ہوتا ہے، لہٰذا اس میں قِيْلَ کی تمام صورتیں جیسے قُوْلَ اور اِشمام جاری نہیں ہوں گی، بلکہ اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دیں گے اور واؤ کو یا سے بدلیں گے۔جیسے:اُسْتُقِيْمَ اصل میں اُسْتُقْوِمَ تھا۔

قاعدہ:(۱۰)۔ ۔يَفْعَلُ ،تَفْعَلُ ،اَفْعَلُ اور نَفْعَلُ کا لام کلمہ واؤ یا یا ہو تو بعد کسرہ وضمہ ساکن ہو جاتا ہے جیسے:يَدْعُو ،يَرْمِي ۔اگر یہ واؤ اور یا فتحہ کے ساتھ ہوں تو الف سے بدل جاتے ہیں جیسے:يَخْشٰى اور يَرْضٰى ۔اگر واؤ ضمہ کے بعد ہو اور اس کے بعد بھی واؤ ہو تو وہ ساکن ہو کر گر جاتا ہے جیسے:يَدْعُوْنَ (اصل میں يَدْعُوُوْنَ تھا)۔

اگر یا کسرہ کے بعد واقع ہو اور اس کے بعد بھی یا ہو تو یہ یا اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر جاتا ہے جیسے:تَرْمِيْنَ (اصل میں تَرْمِيِيْنَ تھا)۔

اور اگر ضمہ کے بعد واؤ اور اس کے بعد یا ہو تو ماقبل کو ساکن کرکے اس کی حرکت اسے دیتے ہیں جیسے: تَدْعِیْنَ اصل میں تَدْعُوِ یْنَ تھا یا "کسرہ کے بعد واقع ہو اور یا کے بعد واؤ واقع ہو جیسے: یَرْمُوْنَ (اصل میں یَرْمِیُوْنَ تھا) لَقُوْا اور رُمُوا میں بھی اسی طرح تعلیل ہوئی ہے یہ اصل میں لَقِیُوا اور رُمِیُوا تھے۔

قاعدہ:(۱۱)۔ واؤ کسرہ کے بعد طرف میں واقع ہو تو یا سے بدل جاتا ہے: جیسے: دُعِيَ ، دُعِيَا ،دَاعِیَةٌ (دُعِيَ اصل میں دُعِوَ تھا، دَاعِیَةٌ اصل میں دَاعِوَةٌ تھا)

قاعدہ:(۱۲)۔ یا ضمہ کے بعد طرف میں واقع ہو تو واؤ سے بدل جاتی ہے جیسے: نَھُوَ اصل میں نَھُيَ تھا (باب کرم سے صیغہ واحد مذکر غائب)۔

قاعدہ:(۱۳)۔ مصدر کے عین کلمہ کا واؤ کسرہ کے بعد واقع ہو تو یا سے بدل جاتا ہے بشرطیکہ اس کے فعل میں بھی تعلیل ہوئی ہو جیسے: قَامَ کا مصدر قِیَامٌ (قِوَامٌ تھا) صَامَ کا مصدر صِیَامٌ (صِوَامٌ تھا)۔

نوٹ : قَاوَمَ کے مصدر قِوَامٌ میں تعلیل نہیں ہوئی کیوں کہ قَاوَمَ فعل میں تعلیل نہیں ہوئی جمع کا عین کلمہ واؤ ہو اور واؤ واحد میں ساکن ہو یا اس میں تعلیل ہوئی ہو تو وہ یا سے بدل جاتا ہے جیسے: حِیَاضٌ (حَوْضٌ کی جمع حِوَاضٌ سے بنا) جِیَادٌ (جَیِّد) کی جمع ہے یہاں واحد میں تعلیل ہوئی ہے کیوں کہ یہ جَیْوِدٌ تھا) واؤ کو یا سے بدل کر ادغام کر دیا۔

قاعدہ:(۱۴)۔ جب غیر مبدل واؤ اور یا غیر ملحق میں جمع ہو جائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یا سے بدل کر ادغام کرتے ہیں اور ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے بدلتے ہیں جیسے: سَیِّدٌ (سَیْوِدٌ) مَرْمِيٌّ (مَرْمُوْي) مُضِيٌّ یہ مَضیٰ یَمْضِي کا مصدر ہے اصل میں مُضُوْيٌ تھا۔

نوٹ: اس میں عین کلمہ کی اتباع میں فاء کلمہ کو کسرہ دینا بھی جائز ہے (یعنی مُضُیٌّ اور مِضِيٌّ دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں)۔

اَوْي یَاوِي کے امر اِیْوِ اور ضَیْوَنٌ میں یہ قاعدہ جاری نہیں ہوگا کیوں کہ اِیْوِ میں یاء ہمزہ سے بدل کر آئی ہے اور ضَیْوَنٌ ملحق ہے۔

قاعدہ:(۱۵)۔ فُعُوْلٌ کے آخر میں دو واؤ ہوں تو دونوں کو یا سے بدل کر ادغام کر دیتے ہیں اور ماقبل کا ضمہ کسرہ سے بدل جاتا ہے نیز فا کلمہ کو کسرہ بھی دیا جا سکتا ہے جیسے: دِلِيٌّ اصل میں دُلُوْوٌ تھا (دَلْوٌ کی جمع ہے)۔

قاعدہ:(۱۶)۔اسم کے لام کلمہ کاواؤ ضمہ کے بعد واقع ہو تو کسرہ کے بعد ہو جاتا ہے پھر واؤ یا ہوکر اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر جاتا ہے جیسے:اَدْلٍ دَلْوٌ کی جمع اَدْلُوٌ تھا) لام کلمہ کو کسرہ دیا واؤ کو یا سے بدلا پھر یا کو ساکن کر کے گرادیا اَدْلٍ ہوگیا۔تَعَلٍّ اور تَعَالٍ ۔تَفَعُّل اور تَفَاعُلٌ کا مصدر (تَعَلُّوٌ اور تَعَالُوٌ تھا) اگر لام کلمہ یا ہو اور اس سے پہلے کسرہ ہو تو وہ بھی ساکن ہوکر گر جاتی ہے جیسے:اَظْبٍ (ظَبْيٌ کی جمع اَظْبِيٌ تھا)۔

قاعدہ:(۱۷)۔فَاعِلٌ کا عین کلمہ واؤ یا یا ہمزہ سے بدل جاتا ہے جبکہ اس کے فعل میں تعلیل ہوئی ہو جیسے قَائِلٌ (قَاوِلٌ تھا)بَائِعٌ (بَايِعٌ تھا)۔

قاعدہ:(۱۸)۔الف مفاعل (الف جمع) کے بعد واؤ زائد، یا ے زائد اور الف زائد ہمزہ سے بدل جاتے ہیں جیسے:عَجَاوِزُ سے عَجَائِزُ (عَجُوْزٌ کی جمع)شَرَایِفُ سے شَرَائِفُ (شَرِیْفَةٌ کی جمع)رِسَالَةٌ سے رَسَائِلُ (رِسَالَةٌ کی جمع)۔

سوال: مُصِیْبَةٌ کی جمع مَصَائِبُ میں یا اصلی ہے زائدہ نہیں ہے پھر کیوں اسے ہمزہ سے بدل کر مَصَائِبُ پڑھتے ہیں؟

جواب: یہ شاذ ہے۔

قاعدہ:(۱۹)۔واؤ اور یا جو الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہوں ہمزہ سے بدل جاتی ہے جیسے:دُعَاءٌ (دُعَاوٌ تھا)رَوَاءٌ (رَوَايٌ تھا) یہ دونوں مصدر ہیں۔دَاعٍ کی جمع دِعَاوٌ سے دِعَاءٌ. اِسْمٌ (اصل میں سِمْوٌ تھا)کی جمع اَسْمَاوٌ سے اَسْمَاءٌ،حَيٌّ کی جمع اَحْیَايٌ سے اَحْیَاءٌ۔نیز اسم جامد کِسَاوٌ سے کِسَاءٌ رِدَايٌ سے رِدَاءٌ اسی قاعدہ کے تحت بنے ہیں۔

قاعدہ:(۲۰)۔وہ واؤ جو چوتھی جگہ یا اس سے آگے واقع ہو اور ضمہ یا واؤ ساکن کے بعد نہ ہو تو وہ یا سے بدل جاتی ہے جیسے:یُدْعَیَانِ (یُدْعَوَانِ تھا،واؤ چوتھی جگہ واقع ہے) اَعْلَیْتُ اَعْلَوْتُ تھا)اِسْتَعْلَیْتُ (اِسْتَعْلَوْتُ تھا واؤ چھٹی جگہ واقع ہوئی)۔

نوٹ: محققین صرف کے نزدیک اسی قاعدہ کے تحت مِدْعَاءٌ (اسم آلہ کی جمع مَدَاعِیُو)کی واؤ کو یا سے بدل کر ادغام کرتے ہوئے مَدَاعِيٌّ پڑھتے ہیں۔اس میں سَیِّدٌ کا قاعدہ جاری نہیں ہوتا کیوں کہ مَدَاعِیُو میں واؤ الف سے بدل کر آئی ہے۔

قاعدہ:(۲۱)۔اگر الف، ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے اور کسرہ کے بعد ہو تو یا سے بدل دیا جاتا ہے جیسے:ضُوْرِبَ ،ضُوَیْرِبٌ اور مَحَارِیْبُ۔

قاعدہ:(۲۲)۔ تثنیہ اور جمع مؤنث سالم کے الف سے پہلے واقع ہونے والے الف زائدہ کو یا سے بدل دیتے ہیں جیسے: حُبْلَیَانِ اور حُبْلَیَاتٌ۔

قاعدہ:(۲۳)۔فُعْلٌ (جمع) اور فُعْلیٰ (مؤنث) کے عین کلمہ کی یاصفت میں واقع ہو تو کسرہ کے بعد ہو جاتی ہے جیسے: بِیْضٌ (بَیضَاءُ کی جمع) اور حِیْکیٰ ۔ تو بِیْضٌ اصل میں بُیْضٌ اور حِیْکیٰ اصل میں حُیْکیٰ تھا۔اور اگر اسم میں واقع ہو تو قاعدہ 3 کے تحت واؤ سے بدل جاتا ہے جیسے: اَطْیَبُ کا مؤنث طُوبیٰ (طُیْبیٰ تھا) اَکْیَسُ کا مؤنث کُوْسیٰ کُیْسیٰ تھا)۔

نوٹ: اسم تفضیل کو اسم کا حکم دیتے ہیں۔

قاعدہ:(۲۴)۔فَعُوْلَۃٌ مصدر کا عین کلمہ واؤ یا سے بدل جاتا ہے جیسے: کَیْنُوْنَۃٌ۔

فائدہ: صرفیوں نے اس قاعدہ میں بہت گفتگو کی ہے وہ کَیْوَنُوْنَۃٌ کو کَیْنُوْنَۃٌ کی اصل قرار دیتے ہیں اور سَیِّدٌ کے قاعدہ سے واؤ کو یا سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں لیکن تحقیق وہی ہے جو اوپر بیان کی گئی ہے یعنی کَیْنُوْنَۃٌ اصل میں کَوْنُوْنَۃٌ تھا۔

قاعدہ:(۲۵)۔اَفَاعِلُ اور مَفَاعِلُ وغیرہ اوزان اگر معرف باللام یا مضاف ہوں تو حالت رفع و جر میں ان کی یا کو ساکن کر دیا جاتا ہے جیسے: هٰذِهِ الْجَوَارِي وَجَوَارِ يْكُمْ ،مَرَرْتُ بِالْجَوَارِي وَجَوَارِ يْكُمْ اور الف لام یا اضافت کے بغیر ہو تو یا کو حذف کر کے عین کلمہ کو تنوین دیتے ہیں جیسے: هٰذِهِ جَوَارٍ وَمَرَرْتُ بِجَوَارٍ.

نوٹ: حالت نصب میں یہ یا مطلقًا مفتوح آتی ہے جیسے: رَأَيْتُ الْجَوَارِيَ وَرَأَيْتُ جَوَارِيَ۔

قاعدہ:(۲۶)۔فُعلیٰ (ضمہ کے ساتھ) کے لام کلمہ کا واؤ اسم جامد میں یا سے بدل جاتا ہے اور صفت میں اپنے حال پر رہتا ہے جیسے: دُنْیَا اور عُلْیَا (اصل میں دُنْوٰي اور عُلْوٰي تھا) اور فَعْلیٰ (فتحہ کے ساتھ) کے لام کلمہ کو واؤ سے بدل دیتے ہیں جیسے: تَقْوٰي (تَقْيَا تھا)۔

مضاعف کے قواعد

قاعدہ:(۱)۔جب دو ہم جنس یا قریب المخرج حروف اکٹھے ہو جائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو اس کا دوسرے میں ادغام کرتے ہیں چاہے وہ دونوں ایک کلمہ میں ہوں جیسے: مَدٌّ (مَدَدٌ) شَدٌّ (شَدَدٌ) عَبدتُّمْ، یا وہ دو کلموں میں ہوں جیسے: اِذْهَب بِّنَا اور عَصَو وَّا كَانُوا۔اور اگر ان میں سے پہلا مدہ ہو تو ادغام نہیں کرتے۔ جیسے: فِي يَوْمٍ ۔یہاں یاء کا یاء میں ادغام نہیں ہوتا۔

قاعدہ:(۲)۔اگر وہ دونوں حروف متحرک ہوں اور ایک کلمہ میں ہوں اور ان میں سے پہلے حرف کا ماقبل متحرک ہو تو پہلے کو ساکن کر کے ادغام کرتے ہیں۔ جیسے: مَدَّ (مَدَدَ) تھا۔ فَرَّ (فَرَرَ) تھالیکن یہاں ادغام کے لیے شرط یہ ہے کہ اسم متحرک العین نہ ہو جیسے شَرَرٌ اور سُرُرٌ (یہاں ادغام نہیں ہوتا)۔

قاعدہ:(۳)۔اگر ان دو حروف سے پہلے والا حرف ساکن غیر مدہ ہو تو پہلے حرف کی حرکت اس کے ماقبل کو دے کر ادغام کریں گے۔ جیسے: یَمُدُّ (یَمْدُدُ تھا) اسی طرح یَفِرُّ اور یَعَضُّ وغیرہ لیکن شرط یہ ہے کہ وہ ملحق نہ ہو لہذا اجلَبْبَ میں یہ قاعدہ جاری نہ ہو گا ۔

قاعدہ:(۴)۔اگر ان دو حرفوں میں سے پہلے حرف کا ماقبل مد ہو تو پہلے حرف کی حرکت نقل کرنے کی بجائے اسے ساکن کر کے ادغام کرتے ہیں: جیسے: حَاجَّ (حاَجَجَ تھا) مُوْدَّ (مُوْدِدٌ تھا)۔

قاعدہ:(۵)۔اگر ادغام کے بعد دوسرے حرف پر امر کی وجہ سے وقف یا حرف جازم کی وجہ سے جزم آجائے تو ایسی صورت میں دوسرے حرف کو فتحہ یا کسرہ دینا جائز ہے اور فکِّ ادغام (ادغام کو ختم کرنا) بھی جائز ہے۔ جیسے: فِرَّ فِرِّ اِفْرِرْ۔اور اگر پہلے حرف کا ماقبل مضموم ہو تو ضمہ دینا بھی جائز ہے۔ جیسے: لَمْ یَمُدُّ (لَمْ یَمُدَّ ، لَمْ یَمُدِّ، لَمْ یَمُدُّ اور لَمْ یَمْدُدُ چار صورتیں ہوں گی)۔

نوٹ: اس کتاب میں مع سے مراد معتل، مہ سے مراد مہموز، اف سے مراد افتعال، مضا سے مراد مضاعف، افا سے مراد افادہ کے قواعد ہیں اور قواعد کو علم الصیغہ سے لیا گیا ہے۔

× اس کراس کا مطلب یہ ہے کہ جس خانے میں ہو اس لفظ کے بارے میں اس خانے والی چیز کے نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے جب یہ نشان باب کے خانہ میں ہو تو مطلب ہو گا کہ اس کا باب نہیں ہوتا ہے، اور جب یہ نشان اصل کے خانے میں ہو تو اس سے مراد ہوتا ہے کہ یہ لفظ اپنی اصل پر ہے اس میں کوئی تبدیلی (تعلیل) نہیں ہوئی ہے۔

مدلول (معنی) پر دلالت کرنے کے اعتبار سے اسم کی اقسام

(۱)۔اسم جنس۔(۲)۔اسم علم۔

اسم جنس کی تعریف:

ایسا اسم جو جنس کے تمام افراد پر بولا جائے یعنی ایسا اسم جو واحد و جمع سب پر بولا جاتا ہو اُسے اسم جنس کہا جاتا ہے۔

اسم جنس کی قسمیں:

(۱)۔اسم جنس جمعی۔(۲)۔اسم جنس فردی۔

(۱)۔اسم جنس جمعی یعنی ایسا اسم جومِنْ حَیْثُ المجموع جنس کے سب افراد پر بولا جاتا ہو،جیسے:مَاءٌ،تَمْرٌ۔

(۲)۔اسم جنس فردی:یعنی ایسا اسم جوعلی سبیل البدلیۃ جنس کے سب افراد پر بولا جاتا ہو،جیسے:رَجُلٌ۔

جامداور مشتق ہونے کے اعتبار سے اسم کی اقسام

(۱)۔اسم جامد۔(۲)۔اسم مشتق۔

اسم جامد کی تعریف:

ایسا اسم جو خود اصل ہو،کسی دوسرے لفظ سے نہ بنا ہو،اسے اسم جامد کہا جاتا ہے۔

طبیعت(اصل)کے اعتبار سے اسم جامد کی قسمیں:

دلیل السالك اِلیٰ اَلْفِیَۃِ ابنِ مَالك ،حاشیۃ النحو الوافی میں اصل کے اعتبار سے اسم جامد کی دوقسمیں بیان کی گئی ہیں:

(۱):اسم ذات۔(۲)۔اسم معنی(مصدر)

(۱)۔اسم ذات کی تعریف:

جواسم ایسی ذات محسوسہ پر دلالت کرے جسے حواس خمسہ ظاہرہ کے ذریعہ جانا جاسکتا ہواسم ذات کہلاتا ہے

:جیسے:اَلْقَمَرُ،اَلرَّجُلُ،اَلْبَیْتُ.

یہ ایسے اسم ہیں جو خود اصل ہیں کسی سے نہیں بنے اور ان کا اپنا حسی وجود بھی ہے یعنی ان کا حواس خمسہ ظاہرہ کے ذریعہ ادراک بھی ہوسکتا ہے تو یہ اسم ذات ہیں:مگر عموماً انہیں اسمِ جامد کہا جاتا ہے۔

نوٹ:حواس خمسہ ظاہرہ یہ ہیں:چکھنا،سونگنا،چھونا،دیکھنا اور سُننا۔گویا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اسم ذات یا تو کسی انسان پر دلالت کرے گا یا کسی حیوان پر دلالت کرے گا یا کسی حیوان پر یا نباتات پر یا جمادات پر(مطلب یہ کہ چیزوں،اشخاص اور جگہوں کے نام کو اسم ذات کہا جاتا ہے)۔

(۲)۔اسم معنی کی تعریف:

جواسم ایسے معنی پر دلالت کرے جس کا حسّی وُجود ہو یعنی جس کا صرف عقل کے ذریعے ادراک ہوسکتا ہواور وہ معنی خود قائم نہ ہو بلکہ دوسرے کے ساتھ قائم ہو تو ایسے اسم کو اسمِ معنی کہا جاتا ہے،(اسم معنی حقیقت میں مصدر رہی ہے)۔

مثلاً:اَلْقِرَاءۃُ:(پڑھنا)،اَلضَّرْبُ(مارنا)،اَلْجُلُوْسُ(بیٹھنا)اَلْأَکلُ(کھانا)۔ان میں سے ہر کلمہ حقیقت میں اسم جامد یعنی مصدر ہی ہے کیوں کہ خود اصل ہے،کسی دوسرے کلمہ سے نہیں بنااور اس کا ادراک صرف عقل کے ذریعہ ہوتا ہے حسّ کے ذریعے نہیں ہوتالہذا اسے اسم معنی یعنی مصدر کہا جاے گا۔

نوٹ: اسم معنی یعنی مصدر ہی سے افعال اور اسماے مشتقات بنتے ہیں اور مصدر اصل میں اسم جامد ہی کی ایک قسم ہے۔

اسم کی دوسری قسم اسم مشتق کی تعریف:

اسم مشتق ایسے اسم پر دلالت کرتا ہے جو کسی صفت سے متّصف ہو۔گویا اسم مشتق میں ذات اور وصفی معنی دونوں پاے جاتے ہیں اور اسم مشتق کو مشتق کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ کسی دوسرے کلمہ (مصدر / اسم معنی) سے بنا ہوتا ہے،مثلًا

صابر:یہ صبر مصدر سے بنا ہے۔

مجتھد:یہ اجتھاد مصدر سے بنا ہے۔

فائدہ:

(۱)۔جب اسم مشتق مشتق پر دلالت کرنے کے لیے استعمال ہو تو یہ اسم مشتق شمار ہو گا۔

(۲)۔جب اسم مشتق کو علمیت کی طرف پھیر دیا جاے یعنی جب اسم مشتق علمیت کے معنی میں استعمال ہو تو اسم مشتق نہیں بلکہ اسم جامد کہلاے گا کیوں کہ تمام عَلَم اسم جامد ہوتے ہیں جیسے:محمد،کریم۔(ترجمہ کیسے کریں۔ج:اول،ص:۱۰۰)

نوٹ: پارہ پہلا شمار 282 کی تحقیق:نَبِيٌّ:اصل میں نَبِییْءٌ ہے ہمزہ مفرد متحرک کو ماقبل کی جنس واؤ مدہ زائدہ سے بدل دیا ،پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا(قاعدہ خَطِیَّۃٌ)یہ باب تفعیل سے صفت مشبہ غیر قیاسی طور پر آئی ہے۔یا یہ ناقص واوی نَبُوَّۃٌ(بلندی)سے ماخوذ ہے،اس لیے کہ نبی کا رتبہ تمام مخلوق سے بلند و بالا ہوتا ہے،یہ اصل میں نَبِیْوٌ:تھا واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء بدل کر یاء میں وجوبًا ادغام کر دیا قاعدہ سَیِّدٌ)

پہلا پارہ شمار 143 کی تحقیق مَلَائِکَۃٌ::اس کی اصل کے بارے میں متعدّد اقوال ہیں: **(۱)**۔یہ مہموز الفاء أَلُوْلَۃٌ(پیغام)سے مشتق ہے،جو مَأْلَكٌ بروزن مَفْعَلٌ کی جمع ہے،پھر اس میں قلب ہوا یعنی ہمزہ کو جو فاء کلمہ میں ہے اٹھا کر عین کلمہ کے بعد لے گئے تو یہ مَلْأَكٌ:بروزن مَفْعَلٌ ہو گیا،اس طرح مَلَائِکَۃٌ بروزن مَعَافِلَۃٌ ہو گا۔**(۲)**۔یہ مہموز العین لَأْكٌ سے مشتق ہے،اس طرح مَلَكٌ اصل میں مَلْأَكٌ تھا،ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ہمزہ کو گرا دیا،اس طرح مَلَائِکَۃٌ بروزن مَفَاعِلَۃٌ ہو گا۔(۳)یہ اجوف واوی لَوْكٌ سے مشتق ہے،تو مَلَكٌ اصل میں مَلَاكٌ تھا،عین کلمہ کو تخفیفا حذف کر دیا،تو

اس طرح مَلَاْئِکَۃٌ اصل میں مَلَاوِ کَۃٌ ہوگا ۔واوٗ مدہ زائدہ الف مفاعل کے بعد واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ صَحَائِفُ)۔**(۴)**۔یہ صحیح مُلْکٌ سے مشتق ہے اس کی جمع مَلَاْئِکَۃٌ بروزن مَفَائِلَۃٌ آتی ہے، مفرد مَلَکٌ۔

سورہ فاتحہ **پارہ** (۱)

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
1	فَاتِحَۃٌ	کھولنے والی	واحد مؤنث	اسم فاعل	ثلاثی مجرد	صحیح	فتح	ف ت ح	فَاتِحَۃٌ	فَاتِحَاتٌ	×	×
2	اِسْمٌ	نام	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	ناقص واوی، مثال واوی	×	س م و	اِسْمٌ	اَسْمَاءٌ	سِمْوٌ۔ وِسْمٌ	مع 19
3	رَحْمٰنُ	نہایت مہربان	واحد مذکر	اسم مبالغہ	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	رح م	×	×	×	×
4	حَمْدٌ	تعریف	×	(اسم) مصدر	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	ح م د	×	×	×	×
5	رَحِیْمٌ	رحمت والا	واحد مذکر	اسم مبالغہ	، ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	رح م	رَحِیْمٌ	رُحَمَاءُ	×	×
6	رَبٌّ	پالنے والا	واحد مذکر	صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	نصر	ر ب ب	رَبٌّ	اَرْبَابٌ	رَبْبٌ	مضا 1
7	عَالَمِیْنَ	سارے جہاں (کا)	جمع مذکر سالم	اسم آلہ	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	ع ل م	عَالَمٌ	عَالَمُوْنَ	×	×
8	مَالِکٌ	مالک	واحد مذکر	اسم فاعل	ثلاثی مجرد	صحیح	ضرب	م ل ك	مَالِكٌ	مُلَّاكٌ	×	×
9	دِیْنٌ	جزاء، بدلہ	واحد مذکر	(اسم)	ثلاثی	اجوف یائی	ضرب	د ی ن	دِیْنٌ	اَدْیَانٌ	×	×

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
				مصدر	مجرد							
10	نَعْبُدُ	ہم عبادت کرتے ہیں	جمع متکلّم	فعل مضارع معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	ع ب د	×	×	×	×
11	نَسْتَعِيْنُ	ہم مدد چاہتے ہیں	جمع متکلّم	فعل مضارع معروف	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	استفعال	ع و ن	×	×	نَسْتَعْوِنُ	مع 8
12	اِهْدِ	تو دکھا، چلا	واحد مذکر حاضر	فعل امر معروف	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ضرب	ھ د ی	×	×	اِهْدِيِ	×
13	صِرَاطٌ	راستہ	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مزیدفیہ	صحیح	×	ص ر ط	صِرَاطٌ	صُرُطٌ	×	×
14	مُسْتَقِيْمٌ	سیدھا	واحد مذکر	اسم فاعل	ثلاثی مزیدفیہ	اجوف واوی	استفعال	ق و م	×	×	مُسْتَقْوِمٌ	معتل 8
15	اَنْعَمْتَ	تونے انعام، احسان کیا	واحد مذکر حاضر	فعل ماضی معروف	ثلاثی مزیدفیہ	صحیح	افعال	ن ع م	×	×	×	×
16	مَغْضُوْبٌ	غضب کیا گیا	واحد مذکر	اسم مفعول	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	غ ض ب	×	×	×	×
17	ضَآلِّيْنَ	بھٹکے ہوئے، گمراہ لوگ	جمع مذکر سالم	اسم فاعل	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ضرب	ض ل ل	×	×	ضَالِلِيْنَ	مضا 4

سورہ بقرہ پارہ(۱)

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
1	کِتَابٌ	کتاب	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	ک ت ب	کِتَابٌ	کُتُبٌ	×	×
2	رَیْبٌ	شک	×	(اسم) مصدر	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ضرب	ر ی ب	×	×	×	×
3	هُدًي	ہدایت	×	اسم مصدر	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ضرب	ھ د ی	هِدَایَةٌ	هِدَایَاتٌ	هُدَیٌ	مع 7
4	مُتَّقِیْنَ	پرہیزگار	جمع مذکر سالم	اسم فاعل	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مفروق	افتعال	و ق ی	×	×	مُوْتَقِیِیْنَ	مع 4
5	یُؤْمِنُوْنَ	ایمان لاتے ہیں	جمع مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مزید فیہ	مہموز فا	افعال	ا م ن	×	×	×	×
6	غَیْبٌ	پوشیدہ، چھپا ہوا	×	(اسم) مصدر	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ضرب	غ ی ب	غَیْبٌ	غُیُوْبٌ	×	×
7	یُقِیْمُوْنَ	قائم کرتے ہیں	جمع مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	افعال	ق و م	×	×	یُقْوِمُوْنَ	مع 8
8	صَلٰوۃٌ	نماز	واحد مؤنث	اسم جامد	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	×	ص ل و	صَلٰوۃٌ	صَلَوَاتٌ	صَلَوَۃٌ	مع 7
9	رَزَقْنٰهُمْ	ہم نے انہیں دیا	جمع متکلّم	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	ر ز ق	×	×	×	×
10	یُنْفِقُوْنَ	خرچ کرتے ہیں	جمع مذکر غائب	فعل مضارع	ثلاثی مزید	صحیح	افعال	ن ف ق	×	×	×	×

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
				معروف	فیہ							
11	أُنْزِلَ	نازل کیا گیا	واحد مذکر غائب	فعل ماضی مجہول	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	افعال	ن ز ل	×	×	×	×
12	يُوْقِنُوْنَ	یقین رکھتے ہیں	جمع مذکر غائب	فعل مضارع معروف ،	ثلاثی مزید فیہ	مثال یائی	افعال	ی ق ن	×	×	يُيْقِنُوْنَ	مع 3
13	مُفْلِحُوْنَ	فلاح پانے والے ہیں	جمع مذکر سالم	اسم فاعل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	افعال	ف ل ح	×	×	×	×
14	كَفَرُوْا	کفر کیا	جمع مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	ك ف ر	×	×	×	×
15	سَوَاءٌ	برابر	×	(اسم) مصدر	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	سمع	س و ی	×	×	سَوَايٌ	تعل 19
16	أَنْذَرْتَهُمْ	آپ ڈرائیں انہیں	واحد مذکر حاضر	فعل ماضی معروف	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	افعال	ن ذ ر	×	×	×	×
17	خَتَمَ	مہر لگادی	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	ضرب	خ ت م	×	×	×	×
18	قُلُوْبٌ	دل	جمع مکسر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	ق ل ب	قَلْبٌ	قُلُوْبٌ	×	×
19	أَبْصَارٌ	آنکھیں	جمع مکسر	اسم جامد	ثلاثی	صحیح	×	ب ص	بَصَرٌ	أَبْصَارٌ	×	×

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
					مجرد			ر				
20	غِشَاوَةٌ	پردہ	واحد مؤنث	اسم جامد	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	×	غ ش و	×	×	×	×
21	عَذَابٌ	عذاب	×	(اسم) مصدر	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	تفعیل	ع ذ ب	×	×	×	×
22 ع	(1)عَظِیْمٌ	بڑا	واحد مذکر	(اسم) صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	صحیح	کرم	ع ظ م	عَظِیْمٌ	عُظَمَاءُ	×	×
23	اَلنَّاسُ	لوگ	(اسم) جمع	اسم جامد	ثلاثی مجرد	مہموز فا	×	ان س	نَاسٌ	اُنَاسٌ	×	×
24	یَقُوْلُ	کہتا ہے	واحد مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	نصر	ق و ل	×	×	یَقْوُلُ	مع 8
25	آمَنَّا	ہم ایمان لائے	جمع متکلّم	فعل ماضی معروف	ثلاثی مزید فیہ	مہموز فا	افعال	ا م ن	×	×	ءَاْمَنْنَا	مہموز 2
26	مُؤْمِنِیْنَ	ایمان والے	جمع مذکر سالم	اسم فاعل	ثلاثی مزید فیہ	مہموز فا	افعال	ا م ن	مُؤْمِنٌ	مُؤْمِنُوْنَ	×	×
27	یُخَادِعُوْنَ	وہ فریب دینا چاہتے ہیں	جمع مذکر غائب	فعل مضارع	ثلاثی مزید	صحیح	مفاعلة	خ د ع	×	×	×	×

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
				معروف	فیہ							
28	مَایَخْدَعُوْنَ	فریب نہیں دیتے	جمع مذکر غائب	فعل مضارع منفی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	فتح	خ د ع	×	×	×	×
29	اَنْفُسٌ	جانیں	جمع مکسر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح		ن ف س	نَفْسٌ	اَنْفُسٌ	×	×
30	لَایَشْعُرُوْنَ	وہ شعور نہیں رکھتے	جمع مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	ش ع ر	×	×	×	×
31	مَرَضٌ	بیماری	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	م ر ض	مَرَضٌ	اَمْرَاضٌ	×	×
32	زَادَ	بڑھادی	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ضرب	ز ی د	×	×	زَیَدَ	معتل 7
33	اَلِیْمٌ	دردناک	واحد مذکر	(اسم) صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	مہموز فا	سمع	ا ل م	×	×	×	×
34	کَانُوا	وہ تھے	جمع مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	نصر	ک و ن	×	×	کَوَنُوْا	معتل 7
35	یَکْذِبُوْنَ	جھوٹ بولتے ہیں	جمع مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	ضرب	ک ذ ب	×	×	×	×
36	قِیْلَ	کہا گیا	واحد مذکر	فعل ماضی	ثلاثی	اجوف واوی	نصر	ق و ل	×	×	قُوِلَ	معتل

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
			غائب	مجہول	مجرد							9
37	لَا تُفْسِدُوا	تم فساد نہ کرو	جمع مذکر حاضر	فعل نہی معروف	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	افعال	ف س د	×	×	×	×
38	مُصْلِحُوْنَ	اصلاح کرنے والے	جمع مذکر سالم	اسم فاعل	ثلاثی مزیدفیہ	صحیح	افعال	ص ل ح	مُصْلِحٌ	مُصْلِحُوْنَ	×	×
39	اَرْضٌ	زمین	واحد مؤنث	اسم جنس	ثلاثی مجرد	مہموز فا	فتح	ا ر ض	اَرْضٌ	اَرْضُوْنَ	×	×
40	مُفْسِدُوْنَ	فساد کرنے والے	جمع مذکر سالم	اسم فاعل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	افعال	ف س د	×	×	×	×
41	آمِنُوا	ایمان لاؤ	جمع مذکر حاضر	فعل فعل امر	ثلاثی مزید فیہ	مہموز فاء	افعال	ا م ن	×	×	أأْمِنُوْا	مہ 2
42	سُفَهَاءُ	بے وقوف	جمع مکسر	(اسم) صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	س ف ہ	سَفِيْهٌ	سُفَهَاءُ	×	×
43	لَا يَعْلَمُوْنَ	وہ نہیں جانتے ہیں	جمع مذکر غائب	فعل مضارع منفی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	ع ل م	×	×	×	×
44	لَقُوا	وہ ملے	جمع مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	سمع	ل ق ی	×	×	لَقِيُوا	عتل 10

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
45	خَلَوا	وہ تنہا ہوئے	جمع مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	نصر	خ ل و	×	×	خَلَوُوا	معتل 7
46	قَالُوا	انہوں نے کہا	جمع مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	نصر	ق و ل	×	×	قَوَلُوْا	معتل 7
47	مُسْتَهْزِءُوْنَ	مذاق کرنے والے ہیں	جمع مذکر سالم	اسم فاعل	ثلاثی مزید فیہ	مہموز لام	استفعال	ھ ز ء	×	×	×	×
48	يَمُدُّ	مہلت دیتا ہے	واحد مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	نصر	م د د	×	×	يَمْدُدُ	مضا 3
49	طُغْيَانٌ	سرکشی	×	(اسم) مصدر	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	فتح	ط غ ي	×	×	×	×
50	يَعْمَهُوْنَ	وہ بھٹکتے ہیں	جمع مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	فتح	ع م ہ	×	×	×	×
51	اِشْتَرَوا	انہوں نے خریدا	جمع مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	افتعال	ش ر ی	×	×	اِشْتَرَيُوْا	معتل 7
52	ضَلَالَةٌ	گمراہی	×	(اسم) مصدر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ضرب	ض ل ل	ضَلَالَةٌ	ضَلَالَاتٌ	×	×
53	مَارَبِحَتْ	اس نے نفع نہ دیا	واحد مؤنث غائب	فعل ماضی منفی	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	ر ب ح	×	×	×	×

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
				معروف								
54	تِجَارَةٌ	کاروبار، تجارت	×	اسم مصدر	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	ت ج ر	×	×	×	×
55	مُهْتَدِيْنَ	ہدایت والے	جمع مذکر سالم	اسم فاعل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	افتعال	ھ د ی	×	×	مُهْتَدِيِيْنَ	معتل 10
56	مَثَلٌ	مثال، مشابہ	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	م ث ل	مَثَلٌ	اَمْثَالٌ	×	×
57	اِسْتَوْقَدَ	آگ جلائی	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مزید فیہ	مثال واوی	استفعال	و ق د	×	×	×	×
58	اَضَاءَتْ	اس نے روشن کیا	واحد مؤنث غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی، مہموز لام	افعال	ض و ء	×	×	اَضْوَءَتْ	مع 8
59	ذَهَبَ	گیا	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	فتح	ذ ھ ب	×	×	×	×
60	نُوْرٌ	کرن، نور	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	×	ن و ر	نُوْرٌ	اَنْوَارٌ	×	×
61	تَرَكَ	چھوڑ دیا	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	ت ر ک	×	×	×	×
62	ظُلْمَةٌ	تاریکی	واحد مؤنث	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	ظ ل م	ظُلْمَةٌ	ظُلُمَاتٌ	×	×

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
63	لَا يُبْصِرُوْنَ	نہیں دیکھتے ہیں	جمع مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	افعال	ب ص ر	×	×	×	×
64	صُمٌّ	بہرے	جمع مکسر	اسم صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	سمع	ص م م	اَصَمُّ	صُمٌّ	صُمْمٌ	مضاعف 1
65	بُكْمٌ	گونگے	جمع مکسر	اسم صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	ب ک م	اَبْكَمُ	بُكْمٌ	×	×
66	عُمْيٌ	اندھے	×	صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	سمع	ع م ی	اَعْمٰی	عُمْيٌ	×	×
67	لَا يَرْجِعُوْنَ	نہیں لوٹیں گے	جمع مذکر غائب	فعل مضارع منفی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	ضرب	ر ج ع	×	×	×	×
68	صَيِّبٌ	بارش	واحد مذکر	(اسم) صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	نصر	ص و ب	×	×	صَيْوِبٌ	تعلیل 14
69	سَمَاءٌ	آسمان	واحد مؤنث	اسم جامد	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	×	س م و	سَمَاءٌ	سَمٰوٰتٌ	سَمَاوٌ	تعلیل 19
70	رَعْدٌ	گرج	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	ر ع د	×	×	×	×

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
71	بَرْقٌ	چمک	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	ب ر ق	بَرْقٌ	بُرُوْقٌ	×	×
72	يَجْعَلُوْنَ	ڈال لیتے ہیں	جمع مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	فتح	ج ع ل	×	×	×	×
73	اَصَابِعُ	انگلیاں	جمع مکسر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	ص ب ع	اِصْبَعٌ	اَصَابِعُ	×	×
74	آذَانٌ	کان	جمع مکسر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	مہموز فا	×	اذن	اُذُنٌ	آذَانٌ	اَاْذَانٌ	مہموز 2
75	صَوَاعِقُ	بجلی، کڑک	جمع مکسر	اسم فاعل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	سمع	ص ع ق	صَاعِقَةٌ	صَوَاعِقُ	×	×
76	حَذَرٌ	ڈر، خوف	×	اسم مصدر	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	ح ذ ر	×	×	×	×
77	مَوْتٌ	موت	×	(اسم)۔ مصدر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	نصر	م و ت	مَوْتٌ	اَمْوَاتٌ	×	×
78	مُحِيْطٌ	گھیرے ہوئے ہے	واحد مذکر	اسم فاعل	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	افعال	ح و ط	×	×	مُحْوِطٌ	معتل 8-3
79	يَكَادُ	قریب ہے	واحد مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	سمع	ک و د	×	×	يَكْوَدُ	معتل 8

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
80	يَخْطَفُ	اچک لے جاتی ہے	واحد مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	خ ط ف	×	×	×	×
81	مَشَوْا	چلنے لگے	جمع مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ضرب	م ش ي	×	×	مَشَيُوْا	معتل 7
82	أَظْلَمَ	اندھیرا ہوا	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	افعال	ظ ل م	×	×	×	×
83	قَامُوْا	کھڑے ہوگئے	جمع مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	نصر	ق و م	×	×	قَوَمُوْا	معتل 7
84	شَاءَ	چاہا	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	اجوف یائی، مہموز لام	فتح، سمع	ش ي ء	×	×	شَيَءَ	معتل 7
85	ذَهَبَ	لے جاتا	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	فتح	ذ ھ ب	×	×	×	×
86	(2) قَدِيْرٌ	قادر ہے	واحد مذکر	(اسم) صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	صحیح	ضرب	ق د ر	×	×	×	×
87	اُعْبُدُوا	تم عبادت کرو	جمع مذکر حاضر	فعل فعل امر	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	ع ب د	×	×	×	×
88	خَلَقَ	اس نے پیدا کیا	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	خ ل ق	×	×	×	×
89	تَتَّقُوْنَ	پرہیزگار بن جاؤ	جمع مذکر حاضر	فعل مضارع	ثلاثی مزید	لفیف مفروق	افتعال	و ق ی	×	×	تَوْتَقِيُوْنَ	معتل 4

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
				معروف	فیہ							
90	جَعَلَ	اس نے بنایا	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	فتح	ج ع ل	×	×	×	×
91	فِرَاشٌ	بستر، بچھونا	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	×	ف ر ش	فِرَاشٌ	فُرُشٌ	×	×
92	بِنَاءٌ	چھت، عمارت	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	×	ب ن ي	×	×	بِنَايٌ	مع 19
93	مَاءٌ	پانی	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	×	م و ہ	مَاءٌ	مِيَاهٌ	مَوَهٌ	
94	اَخْرَجَ	اس نے نکالا	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	افعال	خ ر ج	×	×	×	×
95	ثَمَرَاتٌ	پھل	جمع مؤنث سالم	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	ث م ر	ثَمَرَةٌ	ثَمَرَاتٌ	×	×
96	لَا تَجْعَلُوا	تم مت بناؤ	جمع مذکر، حاضر	فعل نہی	ثلاثی مجرد	صحیح	فتح	ج ع ل	×	×	×	×
97	اَنْدَادٌ	شریک، مماثل	جمع مکسر	صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ضرب	ن د د	نِدٌّ	اَنْدَادٌ	×	×
98	تَعْلَمُوْنَ	تم جانتے ہو	جمع مذکر، حاضر	فعل مضارع	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	ع ل م	×	×	×	×

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
				معروف								
99	نَزَّلْنَا	ہم نے نازل کیا	جمع متکلّم،	فعل ماضی معروف	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	تفعیل	ن ز ل	×	×	×	×
100	عَبْدٌ	بندہ، غلام	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	ع ب د	عَبْدٌ	عِبَادٌ	×	×
101	فَأْتُوا	تو لے آؤ	جمع مذکر حاضر،	فعل امر	ثلاثی مجرد	مہموز فا، ناقص یائی	ضرب	أ ت ي	×	×	فَأْتِيُوا	مع 10
102	سُوْرَةٌ	قرآن کی سورت	واحد مؤنث	اسم جامد	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	×	س و ر	سُوْرَةٌ	سُوَرٌ	×	×
103	وَادْعُوا	اور بلالو	جمع مذکر حاضر،	فعل امر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	نصر	د ع و	×	×		
104	شُهَدَاءُ	گواہ، حمایتی	جمع مکسر	صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	ش ہ د	شَهِيْدٌ	شُهَدَاءُ	×	×
105	مِنْ دُوْنِ اللهِ	اللہ کے سوا	جامد	(اسم) ظرف مکان	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	نصر	دون	×	×	×	×
106	صَادِقِيْنَ	سچے	جمع مذکر سالم،	اسم فاعل	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	ص دق	×	×	×	×
107	لَمْ تَفْعَلُوا	تم نہیں کرسکوگے	جمع مذکر حاضر،	فعل نفی جحد بلم	ثلاثی مجرد	صحیح	فتح	ف ع ل	×	×	×	×
108	اِتَّقُوْا	تم ڈرو	جمع مذکر حاضر	فعل امر حاضر	ثلاثی مزید	لفیف مفروق	افتعال	وق ي	×	×	اِوْتَقِيُوْا	معتل 4

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
				معروف	فیہ							
109	وَقُودٌ	ایندھن	واحد مذکر	اسم جامد	ثلاثی مزید فیہ	مثال واوی	×	وق د	×	×	×	×
110	حِجَارَةٌ	پتھر	جمع مکسر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	ح ج ر	حَجَرٌ	حِجَارَةٌ	×	×
111	أُعِدَّتْ	تیار کی گئی ہے	واحد مؤنث غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	افعال	ع د د	×	×	أُعْدِدَتْ	مضا 1
112	بَشِّرْ	خوش خبری دو	واحد مذکر حاضر	فعل فعل امر	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	تفعیل	ب ش ر	×	×	×	×
113	عَمِلُوا	عمل کیے	جمع مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مجرد	صحیح	سمع	ع م ل	×	×	×	×
114	صَالِحَاتٌ	نیک، اچھے	جمع مؤنث	اسم، اسم فاعل	ثلاثی مجرد	صحیح	فتح	ص ل ح	×	×	×	×
115	جَنّٰتٌ	باغات	جمع مکسر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	×	ج ن ن	جَنّٰةٌ	جِنَانٌ	جَنْنَاتٌ	مضا 2
116	تَجْرِيْ	بہتی ہیں	واحد مؤنث غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ضرب	ج ر ي	×	×	تَجْرِيُ	مع 10
117	أَنْهَارٌ	نہریں	جمع مکسر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	ن ھ ر	نَهْرٌ	أَنْهَارٌ	×	×

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
118	رُزِقُوا	انہیں دیا گیا	جمع مذکر غائب	فعل ماضی مجہول	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	ر ز ق	×	×	×	×
119	اُتُوا	انہیں دیا گیا	جمع مذکر غائب	فعل ماضی مجہول	ثلاثی مجرد	مہموز فا، ناقص یائی	ضرب	أ ت ي	×	×	اُتِيُوا	مع 10
120	مُتَشَابِهًا	ملتا جلتا	واحد مذکر	اسم فاعل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	تفاعل	ش ب ه	×	×	×	×
121	اَزْوَاجٌ	بیویاں، جوڑے	جمع مکسر	اسم جامد	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	×	ز و ج	زَوْجٌ	اَزْوَاجٌ	×	×
122	مُطَهَّرَةٌ	پاکیزہ	واحد مؤنث	اسم مفعول	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	تفعیل	ط ه ر	×	×	×	×
123	خَالِدُوْنَ	ہمیشہ رہتے ہیں	جمع مذکر سالم	اسم فاعل	ثلاثی مجرد	صحیح	نصر	خ ل د	×	×	×	×
124	لَا يَسْتَحْيِي	حیا نہیں فرماتا	واحد مذکر غائب	فعل مضارع منفی معروف	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مقرون	استفعال	ح ي ي	×	×	لَا يَسْتَحِيُ	مع 10
125	بَعُوْضَةٌ	مچھر	واحد مؤنث	اسم جامد	ثلاثی مجرد	صحیح	×	ب ع ض	بَعُوْضَةٌ	بَعُوْضٌ	×	×
126	حَقٌّ	حق، سچ	واحد مذکر	اسم صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ضرب	ح ق ق	حَقٌّ	حُقُوْقٌ	حَقُقٌ	مضا 2

شمار	الفاظ	معانی	صیغہ	سہ اقسام مع نوعیت	شش اقسام	ہفت اقسام	باب	مادہ	واحد	جمع	اصل	قاعدہ
127	اَرَادَ	ارادہ کیا	واحد مذکر غائب	فعل ماضی معروف	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	افعال	ر و د	×	×	اَرْوَدَ	مع 8
128	یُضِلُّ	گمراہ کرتا ہے	واحد مذکر غائب	فعل مضارع معروف	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	افعال	ض ل ل	×	×	یُضْلِلُ	مضا 3
129	کَثِیْرًا	بہت سے لوگ	واحد مذکر	(اسم) صفت مشبہ	ثلاثی مجرد	صحیح	کرم	ک ث ر	×	×	×	×
